AQF / Fazil

21-03-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................ ارجمندعلی خان

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1 وزیر اعظم نریندر مودی نے وِکست بھارت بنانے کی سَمت پہلے قدم کے طور پر گاؤوں کو فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

2- BJP نے اپنے لوک سبھا ارکانِ پارلیمنٹ کو آج ایوانِ زیریں میں موجود رہنے کے لیے وہپ جاری کی ہے۔

3- پنشن فنڈ انضباطی اور ترقیاتی اتھارٹی نے Unified پنشن اسکیم کو عملی شکل دینے کیلئے ضابطوں کو نوٹیفائی کر دیا ہے۔

4- آسام سرکار نے گوہاٹی، ڈبرو گڑھ اور سِلچر میں سبھی دوکانوں اور کاروباری اداروں کو 24 گھنٹے کھلا رکھنے کی اجازت دینے کا فیصلہ کیا ہے۔

5- Kirsty Coventry کو بین الاقوامی اولمپک کمیٹی کی پہلی خاتون صدر منتخب کیا گیا ہے۔

6- اور اسکواش میں آج چنئی میں SRFI Indian Tour 2025 میں خواتین کے فائنل میں بھارت کی Akanksha Salunkhe کا مقابلہ اپنی ہموطن Anahat Singh سے ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM-BAVALIYALI DHAM

وزیر اعظم نریندر مودی نے وِکست بھارت بنانے کی سَمت پہلے قدم کے طور پر گاؤوں کو فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ انہوں نے ویڈیو پیغام کے ذریعے گجرات کے Bharwad سماج سے وابستہ Bavaliyali دھام کے پروگرام میں یہ بات کہی۔ جناب مودی نے اجتماعی کوششوں کی اہمیت کو اُجاگر کیا اور ملک کی سب سے بڑی طاقت کے طور پر ''سب کا پریاس'' کے بارے میں لال قلعے سے دیے گئے اپنے بیان کو دوہرایا۔ S/B - PM Modi (Gujrati)

جناب مودی نے آگے بڑھنے کی خاطر جدیدیت کے ذریعے برادری کو بااختیار بنانے کیلئے تعلیم کی اہمیت پر زور دیا۔

وزیر اعظم نے برادری کے بچوں، خاص طور پر بیٹیوں پر زور دیا کہ وہ تعلیم کے شعبے میں عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کریں اور زیادہ مضبوط معاشرے کے لیے اپنا رول ادا کریں۔ جناب مودی نے خدمت کے لیے برادری کے عزم، فطرت کے لیے محبت اور گائیں کے تحفظ کے تئیں عہد کے تعلق سے Bharwad برادری کی لگن کو سراہا۔ جناب مودی نے مویشیوں میں کھُر اور منہ کی بیماری کی روک تھام کے لیے مویشیوں کو مُفت ٹیکہ لگانے کے سرکار کے پروگرام کو اُجاگر کیا اور برادری پر زور دیا کہ وہ اپنے مویشیوں کو باقاعدگی سے ٹیکہ لگانے کو یقینی بنائیں۔×

**BJP WHIP**

BJP نے اپنے لوک سبھا ارکان کو ایک وہپ جاری کر کے اُنہیں آج ایوانِ زیریں میں موجود رہنے کی ہدایت دی ہے۔ ذرائع کے مطابق مرکزی بجٹ کے تعلق سے مختلف وزارتوں کے مطالباتِ زر پر Guillotine ضابطے کے اطلاق کے مدِّنظر یہ وہپ جاری کی گئی ہے۔×

**GOVT-UPS**

پنشن فنڈ انضباطی اور ترقیاتی اتھارٹی نے Unified پنشن اسکیم کو عملی شکل دینے کے لیے ضابطوں کو نوٹیفائی کر دیا ہے۔ اس سے قبل حکومت نے NPS کے دائرے میں آنے والے مرکزی سرکار کے ملازمین کے لیے اس سال جنوری میں UPS نوٹیفکیشن جاری کیا تھا۔ اِن ضابطوں کا اطلاق اگلے مہینے کی پہلی تاریخ سے ہوگا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V/C - Bhanu

*اِن ضابطوں کے تحت مرکزی سرکار کے ملازمین کو تین زمروں میں رکھا جا سکے گا۔ پہلے زمرے میں مرکزی سرکار کے وہ ملازمین آئیں گے، جو پہلی اپریل 2025 کو پہلے سے ملازمت میں تھے اور یہ NPS کے دائرے میں ہیں۔ دوسرے زمرے میں مرکزی سرکار کی خدمات میں بھرتی کیے گئے نئے ملازمین شامل ہوں گے، جو پہلی اپریل 2025 یا اس کے بعد ملازمت میں آئیں گے۔ تیسرے زمرے میں مرکزی سرکار کے وہ ملازمین ہوں گے، جو NPS کا حصہ تھے اور 31 مارچ 2025 کو یا اس سے پہلے ریٹائر ہو گئے تھے، خواہ وہ رضاکارانہ طور پر ریٹائر ہوئے ہیں یا بنیادی ضابطے (i) 56 کے تحت ریٹائر ہوئے ہوں اور UPS کے اہل ہوں۔ اِن سبھی زمروں کے مرکزی سرکار کے ملازمین کے لیے اِندراج کرانے اور دعووں سے متعلق فارم پہلی اپریل سے ویب سائٹ پر دستیاب ہوں گے۔ متعلقہ ملازمین خود جا کر بھی یہ فارم جمع کرا سکتے ہیں۔*

*بھانو پرتاپ سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ......*

**GOYAL NASSCOM**

کامرس اور صنعتوں کے محکمے کے وزیر پیوش گوئل نے ساڑھے چار کھرب ڈالر کی خدمات کی برآمد کے نشانے کو حاصل کرنے کی خاطر سرکار اور IT شعبے کے اجتماعی عزم کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ نئی دلّی میں NASSCOM کی عالمی کانفرنس کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے یہ اعتماد ظاہر کیا کہ سال 2025-26 میں بھارت کی خدمات شعبے کی برآمدات سامان اور اشیاء کی برآمدات سے تجاوز کرسکتی ہیں اور اس میں IT شعبے کا اہم رول رہے گا۔
جناب گوئل نے مزید کہا کہ اس سال خدمات شعبے کی برآمدات 3 کھرب 80 ارب ڈالر سے لے کر 3 کھرب 85 ارب ڈالر کے درمیان رہنے کی امید ہے اور اس طرح عالمی سطح پر بھارت کی موجودگی کو مزید تقویت ملے گی۔ انہوں نے IT، سیاحت، Business Accounting اور مالی خدمات کے شعبوں میں MSME اداروں کے بڑھتے ہوئے رول کو تسلیم کیا اور مذکورہ شعبے میں روزگار کے بہت زیادہ مواقع پیدا ہونے کے امکان کو اُجاگر کیا۔

**CHHATTISGARH ENCOUNTER**

چھتیس گڑھ میں کل دو الگ الگ جھڑپوں میں 30 ماؤ نواز مارے گئے۔ بَستر ڈویژن کے بیجا پور ضلع میں سکیورٹی فورسز کو یہ خفیہ اطلاع موصول ہوئی تھی کہ بیجا پور اور دانتے واڑہ ضلع کے سرحدی علاقے میں واقع جنگل میں ماؤ نواز موجود ہیں۔ اس کے بعد سکیورٹی فورسز کی ایک مشترکہ ٹیم تلاش کی کارروائی کیلئے وہاں گئی اور ماؤ نوازوں کے ساتھ تصادم ہوا۔ جھڑپ کے بعد سکیورٹی فورسز کو 26 ماؤ نوازوں کی لاشیں مل گئیں۔ اس تصادم میں ڈسٹرکٹ ریزرو گارڈ کا ایک جوان شہید بھی ہوا۔اِدھر ریاست کے Kanker ضلع میں بھی ایک کارروائی میں سکیورٹی فورسز کے ساتھ گولی باری میں 4 ماؤ نواز مارے گئے۔×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**ASSAM SHOPS**

آسام سرکار نے فیصلہ کیا ہے کہ گوہاٹی، ڈبرو گڑھ اور سلچر میں سبھی دکانوں اور کاروباری اداروں کو 24 گھنٹے کھلا رکھنے کی اجازت دی جائے گی۔ ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ریاست کے وزیر اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما نے کہا کہ ریاستی کابینہ نے ایک پالیسی کو منظوری دی ہے، جس کے تحت راجدھانی اور ریاست کے دو اہم قصبوں میں شراب کی دوکانوں کو چھوڑ کر دیگر سبھی دوکانوں اور کاروباری اداروں کو 24 گھنٹے کام کرنے کی اجازت ہوگی۔
انہوں نے بتایا کہ دیگر شہروں میں سبھی دوکانیں رات 2 بجے تک کھلی رکھی جا سکیں گی، جبکہ دیہی علاقوں میں رات

11 بجے تک دوکانیں کھلی رہیں گی۔ البتہ کارکن زیادہ سے زیادہ 9 گھنٹے کام کریں گے۔ لہٰذا 24 گھنٹے کاروباری ادارے کھلے رکھنے کیلئے کارکنوں کے واسطے تین Shifts ہوں گی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ 24 گھنٹے دوکانوں کو کھلا رکھنے کی اجازت دینے کے فیصلے سے چھوٹے کاروباری افراد کو مدد ملے گی اور کام کے اوقات بڑھنے سے ملازمت کے مزید مواقع پیدا ہوں گے۔

## ISRAEL-HAMAS

آسام سرکار نے فیصلہ کیا ہے کہ گوہاٹی، ڈبروگڑھ اور سلچر میں سبھی دکانوں اور کاروباری اداروں کو 24 گھنٹے کھلا رکھنے کی اجازت دی جائے گی۔ ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ریاست کے وزیر اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما نے کہا کہ ریاستی کابینہ نے ایک پالیسی کو منظوری دی ہے، جس کے تحت راجدھانی اور ریاست کے دو اہم قصبوں میں شراب کی دوکانوں کو چھوڑ کر دیگر سبھی دوکانوں اور کاروباری اداروں کو 24 گھنٹے کام کرنے کی اجازت ہوگی۔

انہوں نے بتایا کہ دیگر شہروں میں سبھی دوکانیں رات 2 بجے تک کھلی رکھی جا سکیں گی، جبکہ دیہی علاقوں میں رات 11 بجے تک دوکانیں کھلی رہیں گی۔ البتہ کارکن زیادہ سے زیادہ 9 گھنٹے کام کریں گے۔ لہٰذا 24 گھنٹے کاروباری ادارے کھلے رکھنے کیلئے کارکنوں کے واسطے تین Shifts ہوں گی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ 24 گھنٹے دوکانوں کو کھلا رکھنے کی اجازت دینے کے فیصلے سے چھوٹے کاروباری افراد کو مدد ملے گی اور کام کے اوقات بڑھنے سے ملازمت کے مزید مواقع پیدا ہوں گے۔×

## TRUMP-RARE EARTH MINERALS

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ وہ یوکرین کے ساتھ زیرِ زمین کمیاب معدنیات سے متعلق معاہدے پر جلد دستخط کریں گے۔ وہائٹ ہاؤس میں نامہ نگاروں سے خطاب کرتے ہوئے ٹرمپ نے بتایا کہ انہوں نے امریکہ میں اہم معدنیات کی پیداوار کو بڑھاوا دینے کی خاطر ایک ایگزیکیوٹیو حکم نامے پر بھی دستخط کیے ہیں۔ صدر ٹرمپ نے روس-یوکرین لڑائی میں جنگ بندی کے تعلق سے پُر امیدی کا اظہار کیا۔ انہوں نے نامہ نگاروں سے کہا کہ اِن دونوں ملکوں کے رہنماؤں کے ساتھ اُن کی بات چیت کے بعد قیامِ امن کے سمجھوتے کے لیے اُن کی کوششیں مثبت ثابت ہو رہی ہیں۔

## TRUMP EDUCATION

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے تعلیم کے محکمے کو بند کرنے کے عمل کو شروع کرنے کیلئے ایک ایگزیکیٹو آرڈر پر دستخط کئے ہیں۔ یہ آرڈر اسکول پالیسی کنٹرول کو صوبوں اور مقامی بورڈ میں منتقل کرنے کیلئے تیار کیا گیا ہے، جس کے سبب آزاد خیالی کے ساتھ تعلیم کی وکالت کرنے والوں کے درمیان تشویش پیدا ہوگئی ہے۔

کل وہائٹ ہاؤس میں دستخط کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے امریکی صدر نے محکمہ کی یہ کہتے ہوئے تنقید کی، کہ

گزشتہ چار دہائیوں میں اخراجات میں بڑے پیانے پر اضافے کے باوجود وہ نظام تعلیم کو بہتر کرنے میں ناکام رہا ہے۔×

**IMD-WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمہ IMD نے آج مشرقی مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، گنگا کی ترائی والے مغربی بنگال، جھارکھنڈ، اڈیشہ، وِدربھ، آسام، میگھالیہ، تلنگانہ اور بہار میں تیز ہواؤں اور ژالہ باری کے ساتھ گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق مغربی اور مشرقی اترپردیش، مراٹھواڑہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ اور سکم میں بھی آج تیز ہواؤں کے ساتھ گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کل تک اروناچل پردیش کے کچھ مقامات پر شدید بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ اس کے علاوہ تمل ناڈو، پڈوچیری اور کرائیکل میں گرم اور حبس والا موسم رہنے کی امید ہے۔×

**IOC PRESIDENT**

زمبابوے کی Kirsty Coventry کو بین الاقوامی اولمپک کمیٹی IOC کا صدر منتخب کیا گیا ہے۔ وہ IOC کی تاریخ میں پہلی خاتون صدر بنی ہیں۔ کل یونان کے Costa Navarino نے IOC کے 144 ویں اجلاس میں 41 سالہ Kirsty کو چنا گیا۔ انہیں 97 ووٹوں میں سے پہلے دور میں 49 ووٹ ملے، جو اکثریت کیلئے درکار تھے۔ محترمہ Coventry آئی او سی کے نویں صدر Thomas Bach کی جگہ ذمہ داری سنبھالیں گی، جن کی 12 سالہ مدت کار 23 جون کے بعد ختم ہوجائے گی۔ بین الاقوامی کرکٹ کاؤنسل ICC کے چیئرمین جے شاہ نے محترمہ Kirsty Coventry کو IOC کی پہلی خاتون صدر بننے پر مبارک باد دی ہے۔ جناب شاہ IOC کے 144 ویں اجلاس میں موجود تھے۔×

**SQUASH-INDIAN TOUR**

Squash میں آج دوپہر چنئی میں SRFI انڈین ٹور-2025 کے خواتین کے فائنل میں بھارت کی اَکانشا Salunkhe کا مقابلہ اپنی ہم وطن کھلاڑی Anahat سنگھ سے ہوگا۔ یہ میچ دوپہر ڈھائی بجے سے کھیلا جائے گا۔ اعلیٰ درجے کی کھلاڑی اکانشا نے اپنی ہم وطن Joshna Chinappa کو گیارہ-پانچ، گیارہ-سات، گیارہ-سات سے ہراکر فائنل میں اپنی جگہ پکی کی ہے۔ 17 سالہ Anahat سنگھ نے سیمی فائنل میں جنوبی افریقہ کی Hayley Ward کو گیارہ-چھ، گیارہ-تین، گیارہ-چار سے شکست دی تھی۔ مردوں کے زمرے میں آج بھارت کے Veer Chotrani کا فرانس کے کھلاڑی سے خطابی مقابلہ ہوگا۔×

**SWISS OPEN BADMINTON**

بیڈمنٹن میں بھارت کے Sankar Subramanian سوئٹزرلینڈ کے Basel میں سوئس اوپن چمپئن شپ کے مردوں کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ عالمی درجہ بندی میں 64 ویں پوزیشن کے کھلاڑی Subramanian نے ڈنمارک کے عالمی نمبر دو کھلاڑی Anders Antonsen کو اٹھارہ-اکیس، اکیس-بائیس، اکیس-پانچ سے ہرایا۔ اب آج کوارٹر فائنل میں اُن کا مقابلہ فرانس کے Christo Popov سے ہوگا۔

خواتین کے ڈبلز میں بھارت کی ترِیسا جولی اور گائتری گوپی چند کی جوڑی بھی کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ بھارت کی خواتین ڈبلز کی سرکردہ جوڑی نے سیدھے سیٹوں میں جرمنی کی جوڑی کو اکیس-بارہ، اکیس-آٹھ سے شکست دی۔ آج سیمی فائنل میں اُن کا مقابلہ ہانگ کانگ کی جوڑی سے ہوگا۔×

**TELANGANA EXAMINATION**

تلنگانہ میں آج سے دسویں جماعت کے بورڈ امتحانات شروع ہورہے ہیں۔ دو لاکھ 58 ہزار لڑکوں اور ڈھائی لاکھ لڑکیوں سمیت کُل پانچ لاکھ 9 ہزار طلباء نے امتحانات کیلئے اندراج کرایا ہے، جن کا انعقاد ریاست بھر میں دو ہزار 650 مراکز پر کیا جائے گا۔ یہ امتحانات صبح ساڑھے نو بجے سے روزانہ ہوں گے اور آئندہ ماہ کی چار تاریخ تک جاری رہیں گے۔ امیدواروں کو صبح ساڑھے آٹھ بجے تک امتحانات کے مراکز پر پہنچنا ہوگا۔×

**SIKKIM CM YOUTH FESTIVAL**

سکم کے وزیراعلیٰ پریم سنگھ تمانگ نے کہا ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں پورے شمال مشرق میں بڑے پیمانے پر یکسر تبدیلی ہوئی ہے اور مذکورہ خطے میں ملک کے باقی ماندہ حصوں کے ساتھ ساتھ اچھی سڑک، ریلوے اور فضائی کنکٹی وٹی کی سہولیات ہیں۔ وزیراعلیٰ نے Gangtok میں Paljor اسٹیڈیم میں آٹھویں شمال مشرق یوتھ فیسٹول میں شرکت کی۔ جناب تمانگ نے شمال مشرق کو Ashta Lakshmi کے طور پر تسلیم کرنے اور Unnati-2024، اسٹارٹ اپ انڈیا اور اسٹینڈاپ انڈیا جیسے اقدامات کے ذریعہ مسلسل مدد فراہم کرنے کیلئے وزیراعظم نریندر مودی کا شکریہ ادا کیا۔

یہ پروگرام نوجوانوں کے اُمور اور کھیلوں کی وزارت کے تحت منعقد کیا گیا، جس میں NSS رضاکاروں، نہرو یووا کیندر سنگھٹن ممبروں اور اہلکاروں سمیت پورے شمال مشرق کے 552 شرکاء یکجا ہوئے۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

## PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... شبانہ رحمان

شکریہ - ارجمند علی خان

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات میں الگ الگ خبروں کو شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔ چھتیس گڑھ کے بیجا پور اور دانتے واڑہ میں سیکیورٹی فورسز کے ہاتھوں 22 نکسلیوں کے ہلاک ہونے اور ایک جوان کے شہید ہونے کی خبر کو روزنامہ ملاپ، راشٹریہ سہارا، پرتاپ سمیت تقریباً سبھی اخباروں نے پہلے صفحے کی سرخی بنایا ہے۔ ساتھ ہی روزنامہ ملاپ نے وزیر داخلہ امت شاہ کے ذریعے سیکیورٹی فورسز کی جانب سے کامیاب آپریشن انجام دینے پر جوانوں کو مبارکباد دیے جانے کی خبر کو بھی اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور یوکرین کے صدر وولودومیر زیلنسکی نے یوکرین میں جزوی جنگ بندی پر اتفاق کیا۔ اس خبر کو روزنامہ انقلاب، ہندوستان ایکسپریس اور ملاپ نے سرخی بنایا ہے۔ اخبار لکھتا ہے اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل نے یوکرین سے متعلق امریکہ روس معاہدے کا خیر مقدم کیا۔ یوکرین تنازعے پر بھارت کا موقف آج دنیا بھر میں زیادہ قابلِ قبول ہے۔ وزیر خارجہ ایس جے شنکر کے اس بیان کو روزنامہ ملاپ نے پہلی بڑی خبر بنایا ہے۔

اخبارات کے بین الاقوامی خبروں کے صفحے کی کچھ خبریں ہیں:

☆ یوروپی یونین اور بھارت کے ماہرین نے انتہا پسندی کے خلاف حکمتِ عملی پر تبادلۂ خیال کیا۔

☆ بھارت اور فرانس نے بحری مشق ورونا کا آغاز کیا۔

☆ بھارت-فلپائن برہموز میزائل پر معاہدہ تعلقات میں ایک اہم قدم۔ خارجہ سکریٹری کا بیان

☆ قومی تعلیمی پالیسی 2020، تعلیمی سفر میں مزید لچک فراہم کرتی ہے۔ اعلیٰ تعلیم سے متعلق کونسل کے چیرپرسن کیلاش چندر شرما کا بیان۔ اور امریکہ اور بھارت کے درمیان سیکیورٹی اور انٹیلی جنس تعاون میں اضافہ ہوا۔ تُلسی گابارڈ کا بیان۔

## آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیر اعظم نریندر مودی نے وِکست بھارت بنانے کی سَمت پہلے قدم کے طور پر گاؤوں کو فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

2- BJP نے اپنے لوک سبھا ارکانِ پارلیمنٹ کو آج ایوانِ زیریں میں موجود رہنے کے لیے وہپ جاری کی ہے۔

3- پنشن فنڈ انضباطی اور ترقیاتی اتھارٹی نے Unified پنشن اسکیم کو عملی شکل دینے کیلئے ضابطوں کو نوٹیفائی کر دیا ہے۔

4- آسام سرکار نے گوہاٹی، ڈبرو گڑھ اور سِلچر میں سبھی دوکانوں اور کاروباری اداروں کو 24 گھنٹے کھلا رکھنے کی اجازت دینے کا فیصلہ کیا ہے۔

5- Kirsty Coventry کو بین الاقوامی اولمپک کمیٹی کی پہلی خاتون صدر منتخب کیا گیا ہے۔

6- اور اسکواش میں آج چنئی میں SRFI Indian Tour 2025 میں خواتین کے فائنل میں بھارت کی Akanksha Salunkhe کا مقابلہ اپنی ہموطن Anahat Singh سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~
~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~